پریس اطلاعات بیورو
(وزیر اعلیٰ اطلاعات کیمپس)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اتر پردیش، لکھنؤ

06/01/2022

سوروزگار سنگم پروگرام کا انعقاد

وزیر اعلیٰ نے 9 مستفیدین کو اپنے ہاتھوں سے قرض کی رقم کا چیک تقسیم کیا

وزیر اعلیٰ نے وشوکرما شرم سمان یوجنا اور ایک ضلع ایک پروڈکٹ اسکیم کے مستفیدین کو ٹول کٹ تقسیم کئے

لکھنؤ: 06 جنوری، 2022

وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ کورونا کی مدت کے دوران پورے ملک میں بے روزگاری میں اضافہ ہوا، لیکن ریاست میں او ڈی او پی، وشوکرما شرم سمان یوجنا، پردھان منتری مدرا یوجنا، مکھیہ منتری سوروزگار یوجنا، جو محکمہ چھوٹے، نہایت چھوٹے اور متوسط صنعت کے ذریعے چلائی جا رہی ہے۔ مکھیہ منتری سوروزگار یوجنا کے ذریعے وسیع پیمانے پر نوکریاں وضع کی گئی ہیں۔

وزیر اعلیٰ آج یہاں اپنی سرکاری رہائش گاہ پر منعقدہ سوروزگار سنگم پروگرام سے خطاب کر رہے تھے۔ اس پروگرام کے تحت، روزگار پر مبنی اسکیموں جیسے پردھان منتری مدرا یوجنا، پردھان منتری روزگار سرجن کاریہ کرم، وزیر اعلیٰ خود روزگار اسکیم اور ایک ضلع ایک پروڈکٹ اسکیم، سوروزگار سنگم پروگرام کے تحت ایم ایس ایم ای یونٹوں، کاروباری یونٹوں، کسان اور سماج کے پسماندہ طبقوں کو اس کے تحت 5,06,995 مستفیدین کو 4314 کروڑ روپے کے قرض تقسیم کیے گئے۔

سوروزگار سنگم پروگرام میں وزیر اعلیٰ نے 09 مستفیدین جناب پروین سنگھ، جناب رادھے رمن شرما، جناب وکاس اگروال، محترمہ اپرنا سہیل خان، محترمہ ترنم، جناب یوگیش گپتا، محترمہ نیہا اوستھی، جناب مکیش کمار سنگھ اور محترمہ ریتو کماری کو قرض کی رقم کا چیک تقسیم کیا۔ انہوں نے وشوکرما شرم سمان یوجنا اور ون ڈسٹرکٹ ون پروڈکٹ اسکیم کے مستفیدین میں جدید ٹول کٹس بھی تقسیم کیں۔

وزیر اعلیٰ نے اسکیموں کے مستفیدین ضلع سدھارتھ نگر کی محترمہ شیلا، ضلع مرادآباد کی محترمہ انیشا بنسل، ضلع وارانسی کے جناب سپارش اگرہری، ضلع گورکھپور کے جناب اکھلیش چندر، ضلع کانپور کے جناب دنیش چندر اوستھی، ضلع متھرا کی محترمہ کنچن اور سہارنپور کے جناب افتخار کے ساتھ ورچوئل بات چیت کی۔

وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کورونا کے دوران ریاست میں 40 لاکھ مزدور اور کارکن آئے تھے، انہیں ریاست میں ہی روزگار فراہم کیا گیا۔ آج ریاست میں 01 کروڑ 61 لاکھ لوگ مختلف اداروں سے جڑے ہوئے

06/01/2022

ہیں۔ پردھان منتری مدرا یوجنا سمیت مختلف اسکیموں کے ذریعے 60 لاکھ دستکاروں، کاریگروں وغیرہ کو سو روزگار سے جوڑنے کا کام کیا گیا ہے۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ معاشی خودمختاری کے مقصد سے ریاست میں 75000 خواتین کو تربیت فراہم کی جارہی ہے۔ ان میں سے 21,000 خواتین کو پردھان منتری مدرا یوجنا کے تحت قرض بھی دیا گیا ہے۔ وشوکرما شرم سمان یوجنا کے تحت 75,000 روایتی کاریگروں کا مفت تربیتی پروگرام مکمل ہوا۔ جن میں سے پردھان منتری مدرا یوجنا کے تحت 25,000 کاریگروں میں قرض تقسیم کیے گئے ہیں۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ جب کوئی شخص خودکفیل ہوتا ہے تو وہ گاؤں اور سماج کو سنوارتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست میں کورونا کے دور میں بھی بے روزگاری کی شرح کو 18 فیصد سے کم کر کے 04 فیصد تک لانے میں کامیابی ملی ہے۔ بہتر نظم ونسق سے یہاں سرمایہ کاری کے امکانات بڑھے، جس کی وجہ سے ریاست میں بڑی سرمایہ کاری آئی اور لوگوں کو روزگار ملا۔ انہوں نے قرض سے مستفید ہونے والے سبھی افراد پر زور دیا کہ وہ قرض کی قسطوں کی بروقت ادائیگی کریں اور بینک سے زیادہ سے زیادہ ڈیجیٹل طور پر جڑیں اور کہا کہ اس سے انہیں اضافی فوائد حاصل ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ ریاستی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ روایتی دستکاریوں، کاریگروں، مزدوروں وغیرہ کو دسمبر 2021 سے مارچ 2022 تک کے چار مہینوں کے دوران 500 روپے ماہانہ گزربسر بھتہ دیا جائے گا۔

وزیراعلیٰ نے کہا کہ پلاسٹک ماحولیات کو آلودہ کرتی ہے، ہر قسم کی بیماریوں کو جنم دیتی ہے۔ اسی کے پیش نظر موجودہ حکومت نے پلاسٹک پر پابندی لگادی ہے۔ پلاسٹک کا متبادل فراہم کرنے کے لیے بھی کام کیا۔ ماٹی کلا بورڈ ریاستی حکومت نے تشکیل دیا۔ ہرسال اپریل سے جون تک ہر گاؤں کے تالاب کی مٹی کے برتنوں کے فن سے وابستہ لوگوں کو مفت دینے کا انتظام کیا جاتا ہے۔ وشوکرما شرم سمان یوجنا کے تحت خصوصی تربیتی پروگرام شروع کیے گئے۔ زیر تربیت افراد کو جدید ٹول کٹس بھی فراہم کی گئیں۔

اس موقع پر وزیراعلیٰ نے محکمہ چھوٹی، نہایت چھوٹی اور متوسط صنعت کی 'مائیکرو، اسمال اینڈ میڈیم انٹرپرائزز ایمپلائمنٹ جنریشن سروے کی رپورٹ کا اجراء کیا۔ واضح رہے کہ ایم ایس ایم ای سیکٹر میں وضع روزگار کا اندازہ لگانے کے مقصد سے ریاستی حکومت نے یہ سروے کیا ہے۔ یہ سروے ریاست کے سبھی 75 اضلاع میں کیا گیا۔ اس کے تحت 11 لاکھ امداد یافتہ ایم ایس ایم ای یونٹوں کا مطالعہ کرتے ہوئے پتہ چلا کہ ان یونٹوں کے ذریعے 30 لاکھ سے زیادہ لوگوں کو روزگار ملا ہے۔

06/01/2022

وزیر چھوٹی، نہایت چھوٹی اور متوسط صنعت جناب سدھارتھ ناتھ سنگھ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کا خواب ہر ہاتھ کو کام دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم ایس ایم ای کے ذریعے کثیر تعداد میں لوگوں کو براہ راست اور بالواسطہ روزگار ملا ہے۔

وزیر ریاست برائے چھوٹی، نہایت چھوٹی اور متوسط صنعت جناب چودھری اودے بھان سنگھ نے سب کا شکریہ ادا کیا۔

پروگرام میں کمشنر برائے بنیادی سہولیات و صنعتی ترقیات جناب سنجیو متل، ایڈیشنل چیف سکریٹری ایم ایس ایم ای و اطلاعات جناب نونیت سہگل، ڈائرکٹر اطلاعات جناب ششر سمیت دیگر سینئر افسران پروگرام میں موجود تھے۔

☆☆☆☆☆